آداب و تسلیمات فدویانہ بجالا کر گزارش ہے کہ عرصہ دراز گزرا کوئی نوازش نامہ فیض شمامہ
صادر نہیں ہوا بدرجہ نہایت تشویش رہتی ہے اللہ تعالیٰ خیر و عافیت سے رکھے یہاں کی یہ صورت
ہے کہ جو نئے مکان بباعث کثرت بارش باران کے ڈھے گئے ہیں کہیں جگہ بیٹھنے
تک کی بھی نہیں ہے آخر کار بہ مجبوری جناب چچا صاحب کے مکان میں بسر کرتا ہوں
لیکن تکلیف ہے کچھ بہانہ نہیں کر سکتا ہوں آپ یا تو خود تشریف فرما ہوویں
ورنہ خرچ بہت جلد مرحمت فرمائیں تا کہ مکان کی مرمت کرا دی جاوے۔ کیونکہ چچا صاحب
کے یہاں بھی مکان کی از حد تکلیف ہے اور قلت مکان سے آپ کو بہت دقت رہتی ہے
آپ جانتے ہیں کہ اپنے منہ سے تو کوئی کہتا نہیں ہے مگر بشرے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم
لوگ یہاں سے کہیں اور چلے جاویں تو بہتر ہے لیکن آپ جانتے ہیں بقول حضرت شیخ
سعدی رحمۃ اللہ علیہ کہ دہ درویش در گلیمے بخسپند و دو بادشاہ در اقلیمے نگنجند۔ بفراغت
میں رہ کر ایک جگہ بھی طرح بسر کر سکتے ہیں لیکن دو عورتیں متفق ہو کر نہیں بیٹھ سکتی ہیں
چنانچہ آئے دن جھگڑا رہتا ہے۔ اور والدہ صاحبہ بھی بہت پیچھے ہیں اس سے
بہتر ہے کہ کرایہ کا مکان لے لیں مگر اچھا یہ کہ مکان سابقہ ہی سلامت جانبر آپ نے دے
دیا کیا جاوے لیکن چھوٹی ہمشیرہ آپ کو بہت یاد کرتی ہے۔ اور بھائی صاحب نے
آپ کو بہت بہت تسلیمات عرض کیا ہے۔ اور باقی سب طرح سے خیریت
ہے۔ فقط کمترین یار نیاز

جناب قبلہ گاہی صاحب مخدوم و مکرم محترم دام ظلکم

تسلیمات دست بستہ کے بعد التماس یہ ہے کہ آپکا الطافنامہ نوازشنامہ صادر ہوا
آپکی علالت طبع سنکر کمال رنج ہوا۔ آنجناب کے والد صاحب بھی گھبراتے ہیں لیکن وہ فرماتے
ہیں کہ تو میری ہمراہ چال اور میں نو ایسی تیرے باپ کے پاس جاؤنگا آپکی خدمت میں گذارش کیا
جاتا ہے کہ آپ ایک ہفتے پر مطلع تجویز کریں اور وہ خالی پھر کیا لیجئے گا۔ کیا وجہ ہے کہ
دس بجے کی گاڑی میں جناب والد صاحب کو ہمراہ لیکر خدمت والا میں حاضر ہونگا
آپ دس بجے کی گاڑی پر سواری کا انتظام کر رکھیں یہاں سب کی راے قرار
پائی ہے کہ علاج صاحب کو آپ آپکے خدمت میں پہنچے جانا اچھا ہی کیا سبب ہے کہ سب کو آپ
علالت کی وجہ سے تکلیف کا خیال ہی سننے میں آیا ہے کہ آپ کو نہایت درجہ
تکلیف ہے ہم تو ہر وقت آپکے لئے گھبرائے حال رہیں گے کہ آپکو بھی
کسی نوع کی پریشانی والد کے جسم سے نہ ہوویگی اور وقت گذارنے میں
ہر وقت رہیں گے یقین کامل ہے کہ بیمار جلد صحت ہو جاویگی۔ کہ وقت پر کھانا
آپ کو ملا کریگا۔ غرضیکہ ہر سبب طرح سے آپ کو آرام ملیگا۔ بلکہ ہمشیرہ کی عزیزہ کا
بھی آپکی خدمت میں حاضر ہونے کا ہے کہتی ہیں کہ میں بھی والدہ کو دیکھنے جاؤنگی۔
آخر کار انہیں سمجھا کر تسلی کر دی گئی ہے کہ تم کو بھی پہنچانے والا صاحب کے کلمہ عزیزہ چند روز
روز میں لے جاوینگے۔ جب ناچار ہو کر خاموش ہو رہی اور باقی سب طرح سے خیریت ہے۔

لہذا بجز آرزوی قدمبوسی کیا عرض کروں مقدر

جناب خالو صاحب معظم مکرم دام اقبالہٗ

بعد ازروئی فرمانبرداری قدمبوسی کے عرض خدمت والا میں یہ ہے۔ روئداد اس جگہ کی تو خیر خیریت
اور صحت و تندرستی ہی مزاج مبارک آپ کا ازدرگاہ کریم کارساز نیک و مستدعی رہتا ہوں
جناب منے جس روز سے آپ بخیریت خیرآباد تشریف لے گئے ہیں اس روز سے
آپ نے جو کلمہ خیر و عافیت مزاج و حقیقت نوکری سے آگاہ نہ فرمایا بہت طبیعت
کو از حد تشویش لاحق رہی اور بھائی نندلعل صاحب کا بھی کچھ حال معلوم نہ ہوا کہ انہوں نے تحریر
فرمایا تھا کہ آخر ماہ جنوری سنہ ۱۸۹۲ء تک ضرور آجاؤں گا۔ ہنوز وہ بھی تشریف نہیں
لائے۔ لہذا عرضی رسان ہوں کہ بعد ملاحظہ عریضہ ہذا جو کچھ کہ کیفیت بھائی صاحب
کی بعد آپ اپنے حالات کی بہت جلد سرفراز کیجئے گا کہ گونہ تسکین
خاطر عقیدت منے ماہی کو ہو بعد علاوہ اس کے گھر میں تکلیف خرچ کی بھی انتہائی
زیادہ ہی کہ لائق بیان نہیں بعد بنیئے اپنے روپیہ کا تقاضہ بہت کرتا ہی لہذا اب وہ
قرضی ایک حبہ کا نہیں دیتا ہی۔ نہایت درجہ روشنی میں بھی وقت ہو رہا
ہے۔ عجیب مصیبت میں دن گذرتے ہیں ادھر مکان کا مکان والا طلب کر
رہا ہی صبح سے شام تک ایسے تقاضا شدید کے دم مارنے کی مہلت نہیں ملتی ہے بقول شخصیکہ جو کیا
کر رہی ہی دیکھئے اللہ تعالی اس سے کب نجات دیتا ہے آپ تم و فرد میں کو بال محبوبہ
میرے والا ہی والیاہی بھلا خوب جانتا ہی اور بعض اوقات بھی میں آتا ہی کہ آپ کے پاس قدرے رکھنا
ہو تو ... مانع ہو تو میں صاحب کو بالی ہی خدا سب کو ہوتی ہی لیجئے اور طبیعت اتری فرمائیے۔

جناب نانا صاحب خداوند خدا رنگان منزلہ دام اللہ ظلکم

شرائط ایلو و عبودیت و تسلیمات کے بجا لا کر عرضداشت خدمت گرامی میں یہ ہے سواے اس
ذرات بفضلہ آپکی تصدق میں خیریت ہے اور تندرستی خالق والا صفات کے قادر
کائنات سے ہمیشہ نیک چاہتا ہوں بعد مدت مدید منتظر ہوئی کہ جو اس ہمیں شفقت نامہ سے
ممتاز فرمایا مگر چند مہینہ گزر گئے اور دو فدوی سے ایسا کیا قصور ثابت ہوا کہ حضور نے
بالکل دست شفقت سے بہت دستگیری کے ہاتھ اٹھا لیا فرمایا الحال دل بمنت لیسند
یہ شکستہ الا سے ہی برابر ہے گا نہ کہ کچھ خطا یا قصور میں سے ہوا ہو معاف فرماکر کلمہ خیر
عافیت نامہ سے متمتع فرمائیں اور جملہ خورد و کلاں آپ کو دل سے یاد کرتے ہیں۔ اور
قدمبوسی حضور کے مشتاق ہیں اور جو جو تحفہ آپ مرحمت فرمایا کرتے تھے اسکے بھی ہم سب
انتظار میں ہیں کہ یہ کیا سبب ہے اب کی دفعہ نانا صاحب نے خط بھی نہ بھیجا۔ اور نہ
خرچ عنایت اور مرحمت فرمایا لہذا تو مجھ بندہ کا یہ ہے کہ اس واسطے یکہفتہ کی
رخصت حاصل کرکے قدمبوسی ہم فدویان کو سرفراز فرمائیں کہ نہایت از روئے
امداد اللہ شیو سہائے بہادر صاحب بھی آپکی قدمبوسی کے نہایت مشتاق ہیں۔ خط
اکثر آپکا پڑھا کرتے ہیں اور آپ کو ہمیشہ یاد کرتے ہیں بلکہ انکا ارادہ ہے
کہ آپکی ملاقات سے بہرہ مند ہوں یقین ہے کہ تاریخ ۱۵۔ فروری سنہ ۱۸۹۴ع تک آپ کی خدمت میں حاضر ہوویں
تو اسلئے ضرور ہے کہ آپ بھی حاضر ہوویں۔ باقی سب طرح سے خیریت ہے اور چھوٹے بڑے آپکو دعا دیتے ہیں
خدا تعالے آپکو با تندرستی صحیح سلامت بالکل صحت رکھے۔ فقط نیاز آرزوئے قدمبوسی

جناب مستطاب معلے القاب عالیجاہ خانداں دام دولتہ و اقبالہ دام شوکتہ

استسلام بوسی نامہ فرسائی کے بعد عرض غلامانہ بخدمت جناب ملایک مآب بندگان عالی
بارگاہ عرض پرداز ہے۔ پروانہ کرامت نشانہ حاوی ہوکر مرید بربنا بعلے دہلوی بطلب عدد
حکمی و نیز غیر حاضری اور مامور بجائی میر ممدوح کے بنام شجاعت علی کوٹری اور پروانہ تقرری کے
صادر ہو کر مفخر و ممتاز ہوا۔ جناب عالی بمجرد صدور حکم قضا جریان موضع شاہپور میں میر
ممدوح کو طلب کر کے حکم سرکار اطلاع دی چونکہ تنخواہ میر حضور کی مبلغ پندرہ روپیہ یکماہہ
روئی حساب سے برآمد ہوا تھا وہ برآمد لالہ بھیجا نہ صاحب خزانچی سرکار کو دی گئی اور شجاعت علی
صاحب کو اوپر علاوہ تحصیلات شاہ پور روانہ کر دیا بیشک یہ شخص نہایت ہوشیار کار آزمودہ
و لائق تحصیل و امانت سے معلوم ہوتا ہے۔ یقین ہے کہ سر انجام علاقہ مذکور بعنوان شائستہ
حسب مرضی حضور والا بخوبی تمام انجام پاوے گا۔ الا میر صاحب مسبوق الذکر عذر پیش
کرتے ہیں کہ لائق سماعت ہے اور جو [illegible] رقعہ بہ جناب ممدوح
کے بہار تعہد دیا ہے دفعتاً اس دنیائے فانی سے رحلت کر گئے ہیں اور نیز لڑکیاں
نا کتخدا اور لڑکے نہایت خورد سالہ ہیں اس طور سے پرورش چھوٹے چھوٹے
بچوں کے بغیر حضور کی خبر گیری کے بسر کرنا لا نہیں ہے اور نیز یہ شخص والا جب اکرم
ہیں آئندہ جو رائے حضور عالی ہو اور بلکہ وہ بعض پندرہ سال سے ملازم ہیں حق قدیم ملازم
ظاہر ہے اور مبلغ پانچ ہزار روپیہ تحصیل کچہری سے جمع ہوا تھا مع ارسال حضور پرنور میں
سرکار ہوتا کہ رسید سے سرفراز فرمایا جائے واجب جانکر عرض کیا ۔ فقط

خطوط مساوی درجہ کے ہیں

عنایت وکرم فرمائے قدیم منبع الطاف حسینی خانصاحب اللہ دعنایت پس از
تسلیم بعد تکریم آنکہ این نیازمند نے چند قطعہ خطوط خدمت والا میں ابلاغ کئے مگر
افسوس آپ نے سب کے جواب یکم موقوف کردیا سبحان اللہ آپ کی نوازش سے تو
توقع ہے کسی تھی اظہر من الشمس ہے عیاں را چہ بیاں نیازمند آر گی اگر کوئی خطا سرزد
ہوگئی۔ تو اسکی معافی کا طالب ہونگا اور ایک شرف آپ کو سناتا ہوں یعنی آپ کے
چھوٹے صاحبزادے کی شادی قرار پاگئی ہے چنانچہ آپ کے والد بزرگوار آپ کو خط
لکھ رہے تھے نصیب ہی ہے کہ آپ کے پاس خط حقیقت سے تو یہ ہے کہ جسقدر فرحت دلکو حاصل ہوئی
بحساب سے باہر ہے اللہ مبارک کرے بیشک یہ جلسہ ہے قابل دید کے اور
عنقریب ہے اور جو مراد آپ کی تھی۔ وہ درگاہ کریم کارساز سے قریب ہے سنتے
میں آیا ہے کہ آپ سمدھی بھی نہایت طبیعت دار ہیں دراز حوصلہ اور ذی
مروت ہیں اور لائق و فائق ہیں یقین ہے کہ آپ کو بھی انکا سرور حاصل
ہوگا کیونکہ آپکی بھی چھوٹی بہو بلیں اور انکو بھی دلی حسب دلخواہ ملا کہ تو کئی مراد دلی برآئیں
اور بھی علاوہ ہذا اپنے سمدھی سے زیادہ ذی حوصلہ ہیں یہ نہایت خوش قسمتی
آپکی ہے کہ ایسا شخص لائق میسر آوے فقط ضرورت نیاز پس از
جانب اولاد حسینی آپ کو سلام و نیاز اور مبارکباد پہنچے +

بز

کرم فرمائے من توجہ بخش بندگان میر رضا علی صاحب دام عنایتکم

بعد سلام و نیاز التیام آنکہ تحریر عریضہ بندہ کا بخیریت ہے اور آپ کی خیر و عافیت کا ہمیشہ
بارگاہ حقیقی میں نیک سے خواہاں رہتا ہوں آج بروز یکم مارچ سنہ ۱۸۶۹ء آپ کا محبت نامہ
نے دلکو نہایت فرحت بخشا اور ممنون و مشکور فرمایا فی الحقیقت آپکی شکایت میری آنکھوں پر
مگر میرے پاس آپکا کوئی خط نہیں آیا۔ اس عاصی کی بخت نافرجام کی وجہ سے یعنی بجز
اس عنایت نامہ کے اور کوئی تحریر آپ کی نہیں آئی ہے۔ ورنہ ایسا کب ممکن تھا
کہ جواب سے پہلوتہی ہوتی یا میں خود کسی ضرورت سے حاضر ہوتا۔ تو کسی دیگر لڑکے کو ضرور
آپ کی خدمت میں اجازت خواہ ہوتا کہ دنیا مجبوری سے مجبور رہا۔ یہ اطلاع مطلق مجھ کو
نہیں ہوئی ہے۔ بلکہ بندگان کو بوجہ عدم شرکت تقریب شادی نہایت ملال ہوا خیر خدا آپ کو
یہ تقریب مبارک ہو انشاء اللہ تعالیٰ تقریب برات میں بندہ معہ دوستوں کے ضرور حاضر خدمت
ہونگا۔ اور کیا خوش نصیب ہے کہ قبل ایک روز برات سے تعطیل میں کالج بند ہو
جائینگے۔ اور پھر صورت نصیب ہوگی از حد بھی آپ خاطر جمع رکھیں نہایت عیش و آرام
سے بسر ہوگی۔ اور بموجب تحریر آپ کے سید تاج الدین صاحب رئیس مظفر نگر کی خدمت
میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ مجھ کو بعد آپ کے فرمانے کے کسی طرح نہیں
مگر بیماری کے باعث سے انکو زیر باری ہوگئی ہے عرض کیا۔ پھر آپ اس کا کچھ خیال نہ فرمائیں
خدا کریم ایک مسمی مہرو کو انہوں نے فرمایا۔ اور عطر دام بھیجا ہے اور قالین اور پاندان
دیگر اسباب بھی آپ کی خدمت میں روانہ کرتا ہوں رسید مطلع کیجئے گا۔ زیادہ نیاز مند

جناب خانصاحب مشفق مہربان نیاز مندان آرزو سنتا سن زاد عنایتہ

بعد سلام مسنون الاسلام واضح ہو کہ بندہ آپ سے رخصت ہو کر بخیریت تمام جونپور
پہنچا اور سید جعفر حسین صاحب تعلقدار سے ملاقات کی وہ فی الحقیقت نہایت صاحب ہمت
ذی خلق اور عالی مرتبت جناب ممدوح ہیں کیا طاقت ہے زبان اور خامہ دو زبان کی تحریر
ثنا و صفت میں بستہ اور تقریر میں شکستہ ہے تو سچا ہے اور درست ہو سکتا ہے جیسا
سنتا تھا ویسا ہی بچشم خود دیکھا یعنی اس طرح سے خاطر داری کی اور ہر طور پر دلجمعی اور تسکین کی
فرمائی ہیں اور ایسے سخنان نصیحت آمیز فرماتے ہیں کہ پہروں اُن کے پاس سے اُٹھنے کو دل نہیں چاہتا ہے
بس خوش طبیعت ہے اور نیک سیرت شخص بہت نایاب بلکہ کمیاب ہیں اور اُن کے
ساتھ کھانا کھلائے ہوئے قرار نہیں آتا تھا۔ جس وقت کھانا کھاتا تھا۔ کیا تعریف کروں خوان
نعمت کی روز بعض لقمہ پر شکریہ ادا کرتا تھا۔ ہر قسم لذیذ گوشت کے پیازہ و قورمہ
و شب دیگ و شلجم زردہ برنج و پلاؤ رساول و کباب پلاؤ و قسم قسم نمکین شیر مال خوش
ذائقہ جو کہ سبحان اللہ اور زبان روغنی چیزیں باقی غذائی دریچہ تھیں بہت عمدگی کے ساتھ درداد تہ
غرضیکہ جملہ آرام میسر ہیں اور امید قوی ہے حسب دلخواہ صورت محصول ظہور پذیر آوے کیونکہ
لطف جناب موصوف الذکر جیسے عرض کروں کہ ایک دفعہ چاہی آپ کو نہایت درجہ
یاد فرماتے تھے اور یہ فرماتے تھے اگر ان سے ملاقات ہو جاوے تو میں ہرگز نہ جانے دیتا اور
برائے مروت کے کبھی یہاں نہیں آئے تیری خیر دیکھا جاوے گا۔ لہذا آپ براہ مہربانی ایک
خط ضرور تحریر کیجئے زیادہ نیاز +

جناب پنڈت جی صاحب زاد عنایتہٗ

بعد ما لا کلام ادب عجز و نیاز عرض ہے بستہ التماس کرتا ہوں یہاں سب ہر نوع آپکی اشیرباد
سے خیر و عافیت ہے اور آپکی اعتدال مزاج کا ہر وقت بھگوان سے خواستگار رہوں
لالہ سنگم لال صاحب بذریعہ نیاز نامہ آپکی خدمت میں بھیجتے ہیں نہایت لائق و فائق ہیں
حسابدانی میں یکتا ہیں علاوہ انگریزی و فارسی و ناگری وغیرہ میں ہوشیار و ذی استعداد ہیں چنانچہ
حسب تحریر آپکی تلاش کرتے کرتے اتفاق سے ملاقات ہو گئی۔ بعد منطق کے پرسش معلوم ہوا
کہ محض بیکار و خانہ نشین بلکہ عزم روزگار کا اظہار کیا۔ اگر بالفعل کوئی جگہ خالی ہو
مقرر فرمائیگا۔ ورنہ بطور امیدوار رکھ جب تک کوئی صورت روزگار مطابق لیاقت
و حیثیت لالہ موصوف کے بر آمد ہووے۔ کام لیجیئیگا انسے صاحب کو برابر مہربانی و توجہات
قدیمانہ سے کہیں کسی طرف کو جانے نہ دیجیئیگا۔ ورنہ پھر ایسا شخص تلاش کرنے سے بھی دستیاب نہیں ہوگا
اور افسوس کرنا ہوگا۔ لہذا عرض کرنے سے خدمت میں یہ ہے کہ لالہ صاحب ممدوح کو ایک زائچہ
لڑکے اپنے کا اور ایک جنم پتری سیہ لالہ گورسہائے صاحب کے دیدی ہے۔ اوس کو بھی وقت فرصت
سب کو بدلجمعی ملاحظہ فرمانا ہوگا کہ آیا یہ زائچہ مطابق اچھی طرح سے ہوتا ہے اور نہایت
یقیناً ہے یا نہیں دیکھ کر لعرصہ پہر کے شادی اس پہاگن میں ہو سکتی ہے یا ماگھ یا بساکھ میں جیسا کے
قرار پایا ہو تحریر فرمائیگا۔ کیا وجہ کہ یہاں کے پنڈتوں نے بہت کچھ غلطیاں نکالی ہے اس
ضرورت سے پھر یہ زائچہ روانہ کیا ہے کہ آپ کا اس نیازمند کو اعتقاد ہے جیسا آپ ارشاد فرمائیگا
عمل میں لاؤنگا۔ زیادہ ادب فقط

جناب مخدومی میر رضا علی زاد عنایتہ

بعد آرزوی حصول بشارت قدمبوسی کے مدعا نگار ہونے سے یہ التماس ہے تو امر یہ ہے کہ
فضل الٰہی اور صحت و تندرستی سے بعجز و نیاز درگاہ خدا میں ہمیشہ نیک چاہتا ہوں والا رضا جو ہوں طالع نامہ
گرامی معہ مبلغ پانزدہ روپیہ کی عادر ہوا نہایت خوش حال ہوئی مہربانوں کی کیفیت بندہ کو
کہی ہی جو ہنوز کوئی شکایت رفع کا کہی ظہور میں نہیں آئی۔ بعد ہر سند خیال اس صاحب معلی
القاب نواب شیر الدولہ بہادر کی خدمت میں حاضر رہتا ہوں عجب نہیں ہے کہ کوئی صورت
معقول نکال آوے خلقت خداوند کریم سے امید قوی ہے۔ آئندہ جو نوشتہ میں ہے وہ
ہوگا۔ ظاہرا اسلوب نیک ہی کیا واجب ہے اکثر اوقات جناب نواب صاحب مسطور کوئی
ایسا احکام و کلام زبان مبارک سے فرماتے ہیں ایسی صورت سے انشراح خاطر حواس کا جمع ہو جاتا
ہے اس باعث سے طبیعت بند اشتہ نہیں ہوتی ہے اور بابن ملازمانہ قدیم سے معلوم ہوا
کہ آپ کے واسطہ کا موافقت ہے کا پتہ ہوا چاہتا ہے۔ آپ البتہ بدل کے
طمانیت ہے اور باقی کا شکوہ اس نیاز مند کو نہیں ہو سکتا ہے آپ کے بھائی
صاحب اب بہت اچھی طرح سے ہیں۔ آپ ہر نوع خاطر جمع رکھیں۔
واسطہ اطلاع عرض کیا۔ اور میر الطاف حسین جی نے آپ کو بہت
بہت سے سلام کیا ہے اور جو فہمائش آپ کو دربارہ کشنالک کے ہے احوال
باصواب طلب کیا ہے اور باقی خیریت ہے۔ زیادہ بجز آرزوی قدمبوسی
کے کیا عرض کروں ✣

محب بے ریا باصدق باصفات زاد اللہ حبہٗ

فرط التماس مراسم تمنای دیدار و اشتیاق کے بعد مدعا یہ ہے احوال سب ہمارے بفضلہ خوشنودی
مزاج آپ سے مدنہیں بدرگی جامع المتفرق تدبیر نیکو خواہاں ہوں ہونیں آپ کا تسلی نامہ صادر
ہوا خوشی بفضلہ خلد الجمعیت ہے۔ مسرت حاصل ہوئی خداوند ان عنایت فرما کو باجمال
یار آور تادیرگاہ قائم و شادکام رکھے واللہ تمہاری خوشی بالنفس والے کو نہایت خوشی کیا کرتی
ہے وہاں آپ کا دیگر خیریت فرمایئے سجاری رہتا ہے تکیہ بندگی بیچارگی میں مجبور ہیں ورنہ
ہر وقت تمہارے دیدار کا شوق بڑھتا ہے۔ کہاں تک تحریر کیا جائے۔ اب تازہ
یہ ہے بھائی نند کے آپ کا عرصہ پندرہ روز سے بعارضہ تپ علیل ہیں۔ اور اس قدر ضعیف
ہو گیا ہے کہ لاغری بھی انتہا اور گرمی سے جھولی ہے تجھید دباکے اور کوئی دوسرا نہیں
ہے جو وقت پاس ان کے بیٹھا رہے۔ اور وہاں سے کوئی فرنجی چلا جاتا ہے اور
چار بجے آتا ہے۔ وہ نہایت پریشان ہیں۔ لہذا آپ کو لازم ہے جس ہر وقت
پہنچنے عریضہ نیاز کے جلد وہاں کے یکماہ رخصت حاصل کر کے چلے آویں۔ کیا وجہ
کہ بھائی کو انتہائی تکلیف ہے دوا وغیرہ کا نہیں ہے۔ عورتوں سے کسی طرح سے بیمارداری
ممکن نہیں ہو سکتی ہے۔ اسی خیال سے آپ کو اطلاع دی گئی ہے کہ جلد آئیے
اور باقی سب خیریت ہے۔ اور خورد کلاں کو واجبات درجہ بدرجہ
پہنچے۔ از طرف ہر بہو تسلیمات پہنچے۔ فقط

زیادہ نیاز فقط

مہربان مخلصے سلامت قدر ۔ عرصہ ہوا کہ جب آپ سے ملاقات ہوئی تھی لعل جو امر کہ ہوا ہے
اپنی کہا تھا بفضل خداوند جل شانہ اگر آپ کو منظور ہو۔ تو جلد ادائے قیمت پہنچاؤ۔ انشاء اللہ تعالے
حسب دلخواہ آپ کے کار روائی کیجاویگی۔ خاطر جمع رکھنا۔ فقط زیادہ سلام اور ایک
خط درنج چنانچہ ہمراہ لیتے آئیگا۔ قیمت آپکو دیدونگا۔ فقط کمترین میر امداد علی

جانو محمد صاحب اپنی مبلغ چار روپیہ بمہ سنت امام دین کے ہاتھ عنایت فرمائیے۔
پہنچنے رسید اسکی ارسال خدمت کرتا ہوں آپ سے مکان پر کسی وقت ملاقات
ہوگی۔ وقت سے مطلع ہونا نہایت ضروری امر ہے +

جناب حافظ صاحب قبلہ آپ کی توجہ سے مکان کے اسباب ہو لیا ہے اب
زیادہ تلاش مکان کی بے سبب ہوگا۔ کیونکہ بالفعل ضرورت تھی کہ ہو چکی فقط قمر الدین

جناب شیخ صاحب قبلہ۔ بعد بندگی عرض رسا ہے کہ مولوی رفیع الدین صاحب کی جناب
عریضہ ہمراہ میرے تو ہے کہ قدمبوسی کمال مشتاق ہیں۔ لہذا بذریعہ نیاز نامہ ہذا کے
خدمت والا میں آتے ہیں اور فی الحال ایک آپکا مطلب خاص یہ ہے کہ بالفعل
بیچارے بیروزگار رہتے ہیں اگر جناب کے ذریعہ کوئی صورت انکی نکل آویگی تو خالی از عنایت نہ ہوگا۔
اور عاجز بدرجہ کمال ممنون و مشکور ہوگا۔ زیادہ تسلیم عریضہ ادب سرفراز علی

کمترین بندہ بعد تسلیم آنکہ کل الیس بروقت ملاقات عرض کیا گیا تھا وہ کچھ
سبب اپنی دیا یا نہیں مجھکو کمال سے ہی ضرورت ہے جو آپ سے عرض کیا تھا۔ امید
ہے کہ آپ سبب کی شمش بلیغ فرماوینگے۔ کیونکہ کام عزت کا ہے۔ بندہ عزیز الحق

مشفق من عرض یہ ہے کہ میر لطافت حسین صاحب نے ابھی تک مجھ کو ان کے خط کا جواب مفصل
نہیں لکھا مگر خادم سے اتنا معلوم ہوا کہ ابھی بزرگوار میر رضا علی صاحب کے ہمراہ مراد آباد سے آ رہے
تھے اور ہمیں فتح گڈھ کی زمین لینا ہے چلے آئے ہیں بہت دیانت دار ہیں یہ لوگ شریف ہیں
بلکہ عالی خاندان ہیں اور ابھی ایک خاندان میں کسی قسم کا فتور نہیں آیا۔ باقی مفصل حال بعد
اس کے عرض کرونگا۔ راقم۔ بندہ امام علی

مخلص من عرض یہ ہے کہ میں ہوں سکھی میر عنایت اللہ صاحب کے پاس خط آیا مفصل حال دریافت ہوا
کہ جناب محمد شاہ عرف کریم شاہ صاحب خاندانی ان کا ننھیال ہے اور میر احمد شاہ صاحب
ان کے بیٹے ہیں اور اپنے [illegible] خاندان سے بخوبی واقف ہیں کچھ تحقیقات کی حاجت نہیں آپ
بسم اللہ کیجیے اور لڑکی کی شادی ان سے کر دیجیے ایسا گھر نہ ملیگا۔ عرضی فقیر محمد

کرمفرمائے من بعد بندگی کے عرض کرتا ہوں کہ جناب حاجی صاحب بفضل تعالیٰ زیارت حج بیت
شریف سے مشرف ہو کر ۱۰ ماہ حال کو بخیریت تمام واپس آئے چند تبرکات ایک
حصہ کے انہوں نے عنایت کی تھی ارسال ہیں رسید سے مطلع فرمائیگا فقط مشتاق حسین

مکرم من بعد تسلیم کے مدعا نگار ہوں کہ افسوس ہے کہ آج السعید علی صاحب یہاں سے تشریف
لیگئے ورنہ آپ سے ملاقات ہو جاتی۔ آپکو بھی چند ادنیٰ [illegible] اس وقت سے [illegible]
سامنے عشرت وبعجوات وغیرہ نہ ہونا پایا جاویگا فقط دلبر محمد

جناب نیست صاحب بعد سلام نیاز گزارش یہ ہے کہ ایک سال بند [illegible] کا ٹھیکہ لینے کا ارادہ
ہے اچھی کار گذاری کرنا چاہتا ہوں بشرطیکہ آپ مجھے مدد فرماویں یعنی یہ کہ اقالہ

کچھ روپیہ کی سبیل آپ کو کرنا ہوگی اور میں یقین سے آپ بخوبی واقف ہیں کہ
یہاں پیسہ پیسہ کی تنگی ہے اگر آپ ارسال کرینگے وہ سوالات وقت منظور کر
کے چار سو روپیہ کے سبب سے آپ کو کرنا ہوگی اور یا آپ کو لالہ اجودھیا پرشاد سے
کہدینا ہوگا جو میں نے اس سے قسمت میں لکھدیا ہے فقط بندہ رنبیر سنگھ +

جناب مرزا صاحب مہربان من اپنے تبلیغ نیاز کے مکلف ہوں کہ آپ ایک روز کیواسطے
بارہ دری دستور عنایت فرمائیں تو عین مہربانی ہے شیخ فصاحت اللہ صاحب منشی اللہ کی
شادی آپ کے مکان میں اپنی رقص وغیرہ کیواسطے چاہتے ہیں کہ شنبہ کے روز برات
آویگی اور ایک شنبہ کو رخصت ہو جاویگی۔ اور سوائے اسکے ایک دو جوڑے چھوٹے سبز
تکیہ وغیرہ بھی بھیج دیجئے آپ بندہ پرور کی مدد فرمائیں تو اور بھی زیادہ ممنون ہونگے فقط شمشیر علی

جناب لالہ صاحب مشفق مہربان عرض یہ ہے کہ شکر ہے اس خالق جہاں کا جس نے آپکی خیریت
خبر مسرت اثر یعنی تولد فرزند ارجمند طال اللہ عمرہ سے آگاہ کیا اللہ تعالےٰ آپ کو مبارک
کرے اور اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تصدق سے عمر طبعی کو پہنچاوے اور آپکو بھی با صد سال
اوسکے سر پر قائم و سلامت رکھے امیدوار ہوں کہ صحیح وقت ہونے کا مطلع فرمائیگا۔
اور اسکے نام میں بعد دیکھنے کے بندہ بھی ایک ریختہ بناویگا اور آپ بھی اپنا ضرور
بالضرور رحمت ... وہ بھی ضرور دیکھ کر ارسال کرونگا اور منشی مہت علی کیطرف
سے آپ کو بہت سلام و نیاز ... بڑے بھائی کیطرف سے آپکو بہت بہت سلام
و نیاز ... چھوٹے بھائی کیطرف سے بہت بہت آپکو آداب و تسلیمات فقط نیاز مند ظہور علی +

عنایت فرمائی بندہ گذارش یہ ہے کہ آجکل بندہ کو آدمی سے نہایت تکلیف ہے اگر دہان
کوئی شخص ایسا ہو کہ ہر کام میں ہوشیار ہو اور بغیر پوچھے سمجھ لیجئے یا اسکے سر سوالے لیکر پوری
وغیرہ کھانے سے طبیعت بہت پریشان ہوگئی ہے لہٰذا براہ مہربانی خیال فرما کر بھیج دیجئیگا۔
چار روپیہ ماہوار خشک سے دو نقد ورنہ تین روپیہ ماہوار اور کھانا دونوں کا راقم نیاز عبد الغفار الٰہ آبادی

۲۰۔ ماہ اکتوبر ۱۹۲۸ء توجہ فرما و مہربان من بندہ بھی بارش میں آپکے مکان پر گیا لیکن آپسے ملاقات
نہ ہوئی۔ آخرکار پریشان ہو کر اپنے مکان کو واپس آیا آپ ضرور تشریف لائیےگا واسطے ملاقات نہیں
آپکے نہایت صبح ہوگی اور نقصان نہ ہوگا چہ تصدیعہ کیا جاوے رضا علی علوی

کرم فرمای من۔ آج شب کو عجب کیفیت گذری کہ لالہ موہن سنگھ آپکی چھوٹی بھاوج
آپکے گھر سے خفا ہو کر نہ معلوم کس طرف کو چلے گئے ہیں اگر آپکے یہاں سے آئے ہوں تو انکو میرے
آنے کے بعد ایک روز کے انکو سمجھا کر واپس بھیجئیگا یہاں سب اونکے سب چھوٹے
بڑے پریشان ہیں باقی سب خیریت ہے الراقم عبد الکریم

حضرت بادفا عنایت بعد تسلیم آج اس عاجز کے آپکی تشریف آوری کی
امید میں ابھی تک کھانا نہیں کھایا ہے آپکا انتظار کر رہا ہوں اور بندہ آپکی جان کو دعا
کر رہا ہے۔ آپکی تلاش ہو رہی ہے آخر مجبور ہو کر سپاہی کو آپکی خدمت میں بھیجا ہے جلد
آئیے جلد آئیے دیر نہ فرمائیے۔ کھانا خراب ہو رہا ہے آپکی دعوت میں کیا اہتمام کیا تھا۔ لہذا اب
پانچ بجنے کے قریب ہے فقط بندہ
نور الغفار علی عزیز انتظار علی فقط

شفیق من سلمہ آج کئی روز ہوئے آپ نے کہا تھا کہ ہم آوینگے انشاء اللہ دیکھا والدہ صاحبہ
انتظار کر دکھلایا کہ آپ دیکھیں چار دن اور چار رات۔ تو کیونکہ چلے ہیں آئیندہ دیکھئے والدہ آپ تو
وعدہ کر ٹہرے سچ ہے سبحان اللہ کیا سچائی اور صفائی آپ میں سچائی کسی میں نہیں پائی گئی
انشاء اللہ تعالیٰ اب ایک روز ہم بھی آپ سے سچ بولینگے۔ مگر ابھی نہیں بعد کسی سال کے
اور راقم فرمائیں مزاج بخیر ہے آئندہ آپ نے اس سے بتلایا فقط

توجہ فرمای من آج کئی روز ہوئے کہ طبیعت میری پریشان رہتی ہے اور نہایت جی
خاطر رہتا ہوں لہذا ہمراہ توجہ و کرم واسطہ چار پانچ روز کے گھر اب چلے آئیگا۔ تو پہلا
کسقدر تسکین خاطر جمع ہوگی۔ اور ایسے آپ سخت نے بے چپ کے منتظر ہوں اور مشتاق کار
لطیف اللہ۔ ۳۰۔ فروری ۱۹۰۲ء

مکرم اصدقاء بندہ عرض یہ ہے کہ آجکل بندہ کو فرصت کسی ایک لمحہ کا نہیں ہے
کہ آپ کی ملازمت حاصل کروں اور دیکھنے کو نہایت جی چاہتا ہے لہذا براہ توجہ لاالہ
گویا یوں کہ آوینگے آپ بھی ضرور قدم رنجہ فرمائیگا۔ عرض یہ ہے کہ ایک عرصہ ہوا
بھونڈ کو نہیں دیکھا۔ آپ کی ملازمت ہو جاوے فقط والسلام گل الدین بلالی عفی عنہ

مکرم بندہ تسلیم مزاج شریف لعل آپ کی خدمت بستہ ہوں اور عرض کرتا ہوں کہ ایام تو
قریب ہی لیکن ابھی آٹھ روز باقی ہیں براہ عنایت باسال کسیطرح نہیں کیجئےگا۔ ورنہ آنکھ کو
باہر گھر آئے اچھی طرح ہوگی اور میاں کو بھی ہمراہ لیتے آئیگا اور ہمارے سب چیزیں تیار ہیں کسی چیز کی
سرنگا نا نہیں ہوگا۔ لہذا آپ جلد بلفو یہ خط ناچار آئیے لعل نام طلائی تعویذ بندہ کا واسطے اندیشہ

معظم مکرم منے عرض یہ ہے کہ دربار لعل صاحب اپنی رعیت کے تقاضائی بہت شدید کرتے
تھے۔ لہذا آپ کو چاہئے آپ اونکو دید یجئے جس طرح سے ممکن ہو گیا وجہ اسکی وہ شخص از حد بدرقت
ہے پھر اسکو خیال نہ اپنی آبرو اور نہ دوسرے کی آبرو کا رہتا ہے اطلاعاً گذارش کیا معاف
فرمائیگا۔ فقط ہیرا بھونیال

شفیق از جان سلمہ تم نے ہم سے وعدہ کیا تھا کہ پرسوں ہم تمکو خرچ معہ گاڑی ہاتھ کیونکہ سفر [illegible]
بھیج دینگے۔ بسبب نہیں بھیجی اور ہمارا چھوٹا بھائی از حد روتا ہے لہذا تمکو خدمتگار بھیجا ہے حوالے
رقعہ ہذا بھیجدیجئے امرام طبعی بھی خاطر جمع رکھیے گا۔ زیادہ کیا آپکو بعد دعا کے گوہر پرشاد

شفیق لالہ کلیشور پرشاد صاحب زاد قدر جانانہ

تسلیم بعد تعظیم آنکہ۔ واسطے حضرت کے کمر بر استہ ہوں کہ بیچ ملاقات سے ملا ور مسعید ہو جاؤں
آپ اسی تک ملاقات در کنار جہانک کرنی تحفہ تھوڑا کریں پہنچی نہیں ہو گئی ہے۔ اور آرزو
یعنی آپکے دیکھنے کو چاہتا کیا کیجئے اگر آپ از روئے کہ ایام ہوتے ہیں کہ چند باقی بھی
غفلت ہے کہ آپکے دیدار سے مشرف ہوا۔ فقط عالم جیسے مجبور الخدمت ہیرا لالہ مسل
بعد چوہے صاحب وکیل عدالت و بھگلوگر محلہ اسم بامسمی یعنی رونگی محلہ عرق چوٹی یہاں عرصہ چند بیت
کا سال منقضی ہو گیا ہے بسر کرتے ہوئے وکیل صاحب موصوف کے ہاں نہیں صفت کی جائے۔
نہایت قدرداں اور خلق غرضیکہ ہمہ تن مشورت صفات نہیں مگر حصول سے جو لطف لا اگر [illegible]
او ضعف والد بندہ کو اور آپنی صحت با ہر کس عرصہ سے کم بستر تک اٹھایا اور حالت ہجاہ سے کے
قابل نہیں ہیں جسکی ثنا و صفت ہو سکے اکثر اتفاق برخوردار کا مگر بلکہ یہ ایک جو طول عمر ہے جانشین [illegible]

تو میلہ حال خیر و عافیت نزل الیھم سب صاحبان کو خبر نیک سے ہوجاتی ہے طبیعت کو تسکین اور
دلجمعی بہت سے ہوتی ہے محض باعث تحریر کا یہ ہے کہ جب اپنی یہ تحریر پیش آوےگی تو آپکے ملاحظہ
سے گذری اوسی وقت سے بھیجنی گا کہ حصول ملاقات سے ہی آپکو یاد آویگا ۔ اور باقی ہر طرح
سے خیر ہے ہے اور سب صاحبان کو درجہ بدرجہ واجبات پہنچے ۔ عریضہ حاجی جیوالعال
عفی عنہ تاریخ ۲۰ - مارچ ۱۸۹۳ء جناب لالہ گنیشر رائے صاحب تسلیمات پہنچے جناب عالی عرض
گذارش یہ ہے کہ آپ کی توجہ و عنایت سے یہ ملک دستیاب ہوگیا ہے کہ بہت سے معقول حسب خاطرخواہ
ملگیا ہے اب تلاش اور کوشش آیندہ نہ کیجئیگا ۔ کیونکہ بالفعل ضرورت نہیں ہے فقط
مطبع منبع العلوم تسلیم گذارش یہ ہے کہ آپنے بروقت ملاقات کے جو کہا لیا تھا ۔ اوسکا
آپکو خیال رہا یا نہیں کمتر ہی کو شدید ضرورت ہے اور کام عزت کا ہے یہ امر ہے کہ بلا دریغ
توجہ فرمائیگا اپنا کام بعوض فرمائیگا کیا عرض کر دیکے ۔ ایک صاحب نے ابھی تک حق تالیف
نہیں دیا ہے روز وعدہ کرتے ہیں اگر یہ دستیاب ہوگیا تو پھر آپ سے کچھ ضرورت طلب
کرنیکی نہیں ہے بوجہ نہ ملنے حق تالیف کے آپ سے عرض کیا ۔ اور وعدہ صاحب موصوف سے
حق دینے کو تاہی کر بیٹھے ۔ تو آیندہ دیکھا جاویگا ۔ تب سے اس وقت آپکو تکلیف دونگا ۔
شکریہ فرمائیگا ۔ براہ مہربانی رہا کرو فقط ۱۱ - اپریل ۱۹۰۷ء

تحریر نمود خاکسار نجم علام محمد خوشنویس لاہور اکبری منڈی کوچہ مولوی محمد بخش بقلم خود

تمت

ملنے کا پتہ ـ شیخ برکت علی اینڈ سنز تاجران کتب کشمیری بازار لاہور